# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ فاصلاتی، غیر رسمی و تعلیم جاریہ)

## وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذہن نشین کر لیں که:

1۔ امتحانی مشق میں اگر آپ کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں۔ خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی، کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: غیر رسمی تعلیم میں جائزہ (DNFE106)** **سمسٹر: خزاں، 2025ء**

**سطح: سرٹیفکیٹ ان لٹریسی اینڈ نان فارمل ایجوکیشن**

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1-5)

سوال نمبر 1۔ تعلیمی عمل میں تخمین کی ضرورت پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تعلیمی مقاصد کے وقوفی پہلو پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مقاصد اور اہداف میں فرق واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ تعلیمی مقاصد لکھنے کے مختلف طریقوں کی وضاحت کریں۔ آپ کو کون سا طریقہ سب سے زیادہ پسند ہے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ طلباء کے تعلیمی اہداف سے کیا مراد ہے؟ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 6-9)

سوال نمبر 1۔ آزمائش میں معروضیت (Objectivity) کی خصوصیت کو آپ کیسے بہتر بنا سکتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 2۔ آزمائش کی مختلف اقسام کے سوالات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اعتباریت اور جوازیت کے مابین فرق کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ اسکورنگ کو بہتر بنانے کے لئے تجاویز دیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ معروضی اور موضوعی سوالات کی اہمیت وافادیت بیان کریں۔ (20)